بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اسٹڈی ٹور کے لیے شرعی مسافت تک بغیر محرم جانا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں حیدر آباد یونیورسٹی میں پڑھتی ہوں۔ ہماری یونیورسٹی سے ہر سال پاکستان کے کسی نہ کسی علاقے میں مختلف مقاصد (تفریح، گروپ ٹاسک، تاریخی مقامات کی معلومات، تخلیقی صلاحیتوں کا نکھار) کے تحت اسٹڈی ٹور (Study Tour) جاتے رہتے ہیں۔ اس سال ہماری یونیورسٹی کا حیدر آباد سے کراچی (جو کہ شرعی مسافت پر ہے) اسٹڈی ٹور جا رہا ہے۔ اس ٹور میں صرف اسٹوڈنٹس (لڑکے، لڑکیاں) اور اساتذہ ہی جاسکتے ہیں، گھر کے کسی فرد محرم وغیرہ کو ساتھ لے کر جانے کی اجازت نہیں ہوتی، لیکن یونیورسٹی انتظامیہ کا کہنا ہے جو اسٹوڈنٹس ہمارے ساتھ جائیں گی ان کی مکمل دیکھ بھال کی ذمہ داری انتظامیہ کی ہوگی۔ تو رہنمائی فرمائیں کہ کیا میں دیگر اسٹوڈنٹس اور انتظامیہ کے ساتھ اسٹڈی ٹور پر جا سکتی ہوں؟

## جواب

دریافت کردہ صورت میں آپ کا دیگر اسٹوڈنٹس اور یونیورسٹی انتظامیہ کے ساتھ اسٹڈی ٹور (Study Tour) پر جانا، جائز نہیں۔

کیونکہ اسٹڈی ٹور پر جانے کے لئے آپ کو حیدر آباد سے کراچی تک کا شرعی سفر کرنا پڑے گا، حالانکہ عورت کا شوہر یا مَحْرَم کے بغیر تین دن یعنی 92 کلومیٹر کی راہ کا سفر ناجائز و حرام و گناہ ہے۔ نیز ہماری پیاری شریعت میں تو عورت کو شوہر یا محرم کے بغیر حج یا عمرے جیسے مقدس سفر پر جانے کی اجازت نہیں، تو اسٹڈی ٹور پر جانے کی اجازت کیسے ہوگی؟

نیز اس طرح کے اسٹڈی ٹور میں عموماً مزید قباحتیں بھی پائی جاتی ہیں، مثلاً نوجوان مرد و عورت اکٹھے جاتے ہیں، تو راستے میں یا وہاں پہنچ کر لڑکے لڑکیاں آپس میں ہنسی مذاق کرتے ہیں اور اکٹھے تصاویر وغیرہ بناتے ہیں، حالانکہ اجنبی مرد و عورت کا آپس میں ہنسی مذاق کرنا، بے تکلفی کے ساتھ میل جول رکھنا، نامحرم مرد و عورت کا بے پردگی کی حالت میں ایک دوسرے کے سامنے آنا اور ایک دوسرے کی تصاویر بنانا، سخت ناجائز و گناہ اور حرام ہے کہ ہر مسلمان جانتا ہے کہ اسلام شرم و حیا کا درس دیتا ہے، رسولِ پاک صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ و سلَّم نے ارشاد فرمایا: "الحیاء من الایمان" یعنی حیا ایمان سے ہے۔ (ترمذی، 3 / 406، حدیث: 2016)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد ہاشم خان عطاری

فتوی نمبر: Book-196